کهتي هيں سکينه ميرے بابا کو بلاؤ

کهتي هيں سکينه ميرے بابا کو بلاؤ
گالوں په طمانچوں کے نِشاں اُنکو بتاؤ

کانو ميں ميرے درد بهت هوتا هيں امّاں
خوف آتا هيں ڈر لگتا هيں تاريك هيں زِنداں
سينے په مجھے اپنے سُلاتے تھے وه هر آں
زخموں سے لهو بهتا هيں بابا کو بتاؤ

بے ظلم و خطاء ظالموں نے دِرّے لگائے
اسباب بھي سب لُٹ ليئے خيمے جَلائے
اور قافلوں کو اونٹوں په سر ننگے پھيرائے
کُملايا هوا دھوپ ميں چهره تو بتاؤ

گردن میں میرے طوق هیں هاتھومیں رسن هیں
سُوجا هوا دِرّوں سے میرا سارا بدن هیں
راتوکومیں سوئي نهیں ٰانکھوں میں جلن هیں
سونے کے لیئے خاك کا بستر تو بناؤ

جب گھوڑے کے پیرومیں میں روئي تھي لپٹ کر
اُس وقت الگ تمنے کِیَا تھا مجھے ٰاکر
کیا حلق په بابا کے میرے چل گیا خنجر
روتا هوا کیوں ٰایا تھا گھوڑا یه بتاؤ

ٰائینگے میرے بابا تو روؤنگي لپٹ کر
بتلاؤنگي کانو سے میرے چِھن گئے گوھر
جاں اپني کروُنگي میں فداء اُنکے قدم پر
پیاسي هوں کهوؤنگي مجھے پاني تو پلاؤ

لائے نہ چچا پاني اور پائي هے شهادة
سب اهلِ حرم کو میں کهوؤنگي میري حالت
چادر چهیني دِرّے لگے کیا کیا پڑي آفت
یہ عرض کرؤنگي نہ مجهے چهوڑ کے جاؤ

اصغر کا بتاؤنگي اُنهے خالي هے یہ جهولا
پاني کے بِنا ننهے سے بچّے کا تڑپنا
یاد آتا هے ننها مجهے وہ هنسلیوں والا
بهیّا میرا کس جان هے پتا اُسکا بتاؤ

بچّي پہ ستم ایسا هوا اے پالنے والے
اشك آنکهوں میں رُکتے نہیں تهمتے نہیں نالے
نازوں کي پلي بچّي کو ماں کیسے سمبهالے
ضِد بچّي کي ماں سے یہ هے بابا کو بلاؤ

❋❋❋❋❋